خبروں کا اعلامیہ

لیب کی خدمات حاصل کرنے کے لیے فوری طور پر عمل

03 اگست، 2023 میڈیا سے پوچھ گچھ

البرٹنز کے لیے صحت سے مطابق اس اہم خدمت تک رسائی کے انتظار کے وقت کو کم کرنے میں مدد کے لیے ہزاروں نئے اپوائنٹمنٹس کمیونٹی لیباریٹریز میں دستیاب بنائے جا رہے ہیں۔

خاص طور پر کیلگیری کے علاقے میں، مریضوں کو معمول کی لیب کی خدمات حاصل کرنے کے لیے لمبی مدت تک انتظار کرنا پڑ رہا ہے۔

لیب ٹیسٹنگ کی رسائی کو بہتر بنانے کے لیے، البرٹا ہیلتھ سروسز(Alberta Health Services) اور ڈائنالائف(DynaLife) نے البرٹا پریسیشن لیباریٹریز (اے پی ایل) (Alberta Precision Laboratories (APL) کو زیادہ طور پر کمیونٹی لیب کی خدمات پیش کرنے کی اجازت دینے کا مشترکہ فیصلہ لیا ہے۔

"یہ نا قابل قبول ہے کہ ایک معمولی سا ٹیسٹ یا خون کا ٹیسٹ کرنے کے لیے البرٹنز کو مستقل طور پر دیری کا سامنا کرنا ہوتا ہے۔ لیب ٹیسٹس کروانا، تشخیص سے لے کر علاج تک، کسی مریض کی صحت کی دیکھ بھال کے سفر کا ایک اہم حصہ ہے، اور جب اور جہاں انہیں ضرورت ہو، البرٹنز کو ان تک رسائی کے قابل ہونا چاہیئے۔ اسی وجہ سے ہم نے البرٹا ہیلتھ سروسز کو فوراً تبدیلیاں لانے کی ہدایت دی ہے۔"

ڈینیئیل اسمتھ، پریمیئر (Danielle Smith, Premier)

" لیب کی خدمات میں دیری کو دور کرنے کے لیے مجھے پریمیئر کی طرف سے واضع ہدایات ملی تھیں۔ آج فوری طور پر نئے اپوائنٹمنٹس کی شمولیت کے ساتھ یہ ایک اہم قدم ہے، اور اگلے چند ہفتوں مزید سینکڑوں ہونے والے ہیں۔ قطع نظر اس سے کہ البرٹنزکہاں رہتے ہوں، ہماری حکومت اس بات کی یقین دہانی پر وقف ہے، کہ تمام البرٹنز کو بوقت لیب کی خدمات تک رسائی حاصل ہو ۔

ایڈریانا لاگرینج، وزیر صحت (Adriana LaGrange, Minister of Health)

کیلگری کے علاقے میں نئے اپوائنٹمنٹس

فوری طور پر موثر، جن البرٹنز کو لیب کی خدمات کی ضرورت ہے، وہ ہفتہ، 5 اگست کے دن کے لیے اپوائنٹمنٹ بک کر سکتے ہیں، بشکریہ ساؤتھ ہیلتھ کیمپس (South Health Campus) اور پیٹر لوہیڈ سینٹر(Peter Lougheed Centre)

میں ہفتے کے روز کے لیے 400 نئے کمیونٹی لیب اپوائنٹمنٹس کا اضافہ۔ 12 اگست کو فٹ ہلز میڈیکل سینٹر لیبارٹری (Foothills Medical Centre laboratory) میں مزید 175 ہفتے کے روز کے اپوائنٹمنٹس کا اضافہ کیا جائے گا۔ 1-877-702-4486 پر کال کرکے ان اپوائنٹمنٹس تک رسائی حاصل ہو سکتی ہے اور بکنگ کے لیے اس کی رسائی جاری رہے گی۔

7،500 ہفتہ وار اپوائنٹمنٹس کا اضافہ کرنے کے لیے البرٹا پریسیشن لیبارٹریز (Alberta Precision Laboratories) بھی مزید اقدام لے رہی ہے، جو کہ درج ذیل کے ذریعے کیلگری کے علاقے میں 25 فیصد کا اضافہ ہوگا:

- مزید عملہ نوکری پر رکھ کر، تا کہ اے پی ایل ہسپتال لیب سیسٹم (APL hospital lab system) میں موجود لیب کی خدمات ہفتے میں چھے دنوں کے لیے دستیاب ہو، جس کے ذریعے 2023 سال کے موسم خزاں تک 2,000 ہفتہ وار نئے اپوائنٹمنٹس کا اضافہ ہو گا۔
- اضافی تھرڈ پارٹی فراہم کنندگان کو کونٹریکٹ میں لینا تاکہ اضافی گنجائش مہیا ہو، جس کے نتیجے میں کیلگری میں اگست کے مہینے کے بیچ سے اخیر تک فی ہفتہ مزید 3,000 اپوائنٹمنٹس کی فراہمی ہو گی۔
- ساؤتھ ایسٹ کیلگری میں ایک نیا کمیونٹی سینٹر مریضوں کی خدمت کے لیے کھولنا اور گلین بروک (Glenbrook) اور ائرڈری (Airdrie) کی مریضوں کی خدمت کے سینٹرز کی توسیع کرنا، جس کے نتیجے میں اس موسم خزاں کے آخر تک ہفتہ وار تقریباً 2,500 نئے اپوائنٹمنٹس فراہم ہوں گے۔

ہم ہر آپشن کی تفتیش جاری رکھیں گے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ البرٹنز کو بوقت لیب کی خدمات تک رسائی حاصل ہے۔ تفصیلات دستیاب ہونے پر، لیب کی خدمات کو مستحکم بنانے کے بارے میں اضافی اقدامات کے بارے میں ہم اپ ڈیٹ فراہم کریں گے۔

موجودہ تمام اپوائنٹمنٹس اور لیب کی خدمات فراہم کردہ شیڈول کے مطابق جاری رہیں گی۔ البرٹنز QM e(dynalife.ca) کے ذریعے، یا 1-877-702-4486 پر کال کرکے اپنی لیب اپوائنٹمنٹس بک کرنا جاری رکھ سکتے ہیں۔

" ہماری توجہ مریضوں پر، اور لیب کی خدمات کی تحفظ، رسائی، اور استحکام کو یقینی بنانے پر مرکوز ہے ۔ ہم ان مشکلات کو سمجھتے ہیں اور اسے تسلیم کرتے ہیں، ہو البرٹنز کو حالیہ مہینوں میں لیب کی خدمات حاصل کرنے میں پیش آئیں، اور ہم ان تشویشات کو حل کرنے پر وقف ہیں۔"

مارو چیز، پریسیڈینٹ اینڈ سی ای او، ہیلتھ سروسز (Mauro Chies, president and CEO, Alberta Health Services)

متعلقہ معلومات

- Booking lab appointments(بکنگ لیب اپوائنٹمنٹس)

میڈیا سے پوچھ گچھ

Scott Johnston (اسکوٹ جونسن)

780-918-4284
(پریس سیکریٹری، ہیلتھ) Press Secretary, Health